# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ تاریخ)

## وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

-1 اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہوسکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہوجائے۔

-2 کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی ''مواد کی چوری'' **Plagiarism** پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

## مشقیں بھیجنے کا شیڈول

| 6 کریڈٹ آورز کورس | مقررہ تاریخ | 3 کریڈٹ آورز کورس | مقررہ تاریخ |
|---|---|---|---|
| مشق نمبر1 | 10-06-2026 | ...... | ...... |
| مشق نمبر2 | 06-07-2026 | مشق نمبر1 | 06-07-2026 |
| مشق نمبر3 | 31-07-2026 | ...... | ...... |
| مشق نمبر4 | 20-08-2026 | مشق نمبر2 | 20-08-2026 |
| نوٹ: ٹیوٹوریل شیڈول (رہنمائے طلبہ) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی ویب سائٹ www.aiou.edu.pk پر موجود ہے۔ | | | |

کورس: اقتصادی وتجارتی جغرافیہ (409) سمسٹر: بہار، 2026ء

سطح: بی اے

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے (ہدایات برائے میٹرک، ایف اے اور بی اے پروگرامز)

-1 تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

-2 سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

-3 مقررہ تاریخ کے بعد/ تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔

-4 آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

-5 غیر متعلقہ بحث/ معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کریں۔

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:40

# امتحانی مشق نمبر1

## (یونٹ:1 تا4)

سوال نمبر1- درج ذیل خالی جگہ پر کریں۔ (20)

1- تجارت کے بنیادی محرکات میں.................اور.................شامل ہیں۔

2- عالمی تجارت کا تصور.................پر مبنی ہے۔

3- طبیعی ماحول پیداوار کے.................کو متاثر کرتا ہے۔

4- دورِ قدیم کی معیشت زیادہ تر.................نوعیت کی تھی۔

5- جدید دور میں معاشی عمل.................سے جڑا ہوا ہے۔

6- قدرتی وسائل تجارت کے.................کا تعین کرتے ہیں۔

7- تجارتی جغرافیہ میں.................اہم کردار ادا کرتا ہے۔

8- پاکستان کی برآمدات میں.................نمایاں مقام رکھتا ہے۔

9- عالمی منڈی میں مقابلہ.................کے بغیر ممکن نہیں۔

10- مستقبل کی تجارت.................ٹیکنالوجی سے متاثر ہو رہی ہے۔

سوال نمبر2- تجارت کے محرکات، باہمی انحصار اور تمہیدی تصور کی وضاحت کریں۔ واضح کریں کہ جدید عالمی معیشت میں بین الاقوامی انحصار کیوں ناگزیر ہو چکا ہے؟ (20)

سوال نمبر3- طبیعی ماحول کے عناصر کا معاشی سرگرمیوں پر اثر بیان کریں اور دورِ قدیم و دورِ جدید کے معاشی عمل کا تقابلی جائزہ پیش کریں۔ (20)

سوال نمبر4- ماحولی وسائل کے طبعی عوامل کی روشنی میں پیداوار اور تجارت کے باہمی تعلق کا تجزیہ کریں۔ (20)

سوال نمبر5- پاکستان کی عالمی تجارت میں حیثیت کا جائزہ لیتے ہوئے تجارتی جغرافیہ کے مستقبل کے تناظر پر بحث کریں۔ (20)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:40

# امتحانی مشق نمبر2

## (یونٹ:5 تا8)

سوال نمبر1- درج ذیل سوالات کے مختصر جواب تحریر کریں۔ (20)

1- قدرتی ربڑ کے لیے موزوں طبعی ماحول بیان کریں۔

2- مصنوعی ربڑ کیا ہے؟

3- چائے کی کاشت کے لیے درکار موسمی حالات لکھیں۔

4- کافی کی پیداوار زیادہ تر کن خطوں میں ہوتی ہے؟

5- پاکستان میں تمباکو کی اہم اقسام کون سی ہیں؟
6- کیلا کن آب و ہوا والے علاقوں میں اگایا جاتا ہے؟
7- پاکستان میں نارنگی کی پیداوار کے دو بڑے علاقے لکھیں۔
8- کھجور کی عالمی تجارت کی اہمیت بیان کریں۔
9- جنگلات کے دو معاشی فوائد لکھیں۔
10- گیاہستان (Grasslands) سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 2- قدرتی ربڑ کی عالمی پیداوار، اس کے مسائل اور عالمی تجارت پر تفصیلی نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر 3- چائے اور کافی کا تقابلی جائزہ پیش کریں، جس میں طبعی ماحول، عالمی پیداوار اور تجارت شامل ہو۔ (20)

سوال نمبر 4- پاکستان کے جنگلات کی اقسام، مسائل اور تحفظ کے اقدامات پر تفصیلی بحث کریں۔ (20)

سوال نمبر 5- دنیا کے اہم گیاہستانی خطوں پریری، پمپاز، سوانا) کا معاشی اور تجارتی جائزہ لیں۔ (20)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 40

# امتحانی مشق نمبر 3

(یونٹ: 9 تا 12)

سوال نمبر 1- (الف) خالی جگہ پر کریں: (20)

1- معدنیات قدرتی طور پر زمین کے................. میں پائی جاتی ہیں۔
2- فولاد سازی میں بنیادی خام مال................. ہے۔
3- تانبا بجلی کے................. میں زیادہ استعمال ہوتا ہے۔
4- پاکستان میں کرومائٹ کا بڑا ذخیرہ................. میں ہے۔
5- کوئلہ توانائی کا ایک................. ذریعہ ہے۔
6- پیٹرولیم کو عموماً................. سونا کہا جاتا ہے۔
7- پن بجلی بہتے ہوئے................. سے پیدا کی جاتی ہے۔
8- ایٹمی توانائی میں................. مادے استعمال ہوتے ہیں۔
9- شمسی توانائی کا منبع................. ہے۔
10- ماہی گیر کا تعلق................. سے خوراک کے حصول سے ہے۔

(ب) درج ذیل عنوانات پر نوٹ لکھیں۔

1- معدنیات کی اقسام

-2 فولاد بنانے کے مراحل

-3 کوئلے کی اقسام

-4 پن بجلی کے موزوں جغرافیائی حالات

-5 ماہی گیری کی صنعت

سوال نمبر2- خام لوہے کی اقسام، دنیا میں ذخائر اور عالمی تجارت پر تفصیلی نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر3- کوئلے کی عالمی پیداوار، پاکستان میں کوئلے کے ذخائر اور عالمی تجارت کا جائزہ پیش کریں۔ (20)

سوال نمبر4- شمسی توانائی کی اہمیت اور پاکستان میں اس کے مستقبل کے امکانات پر تفصیلی بحث کریں۔ (20)

سوال نمبر5- پاکستان میں ماہی گیری، اس کی صنعت اور عالمی تجارت میں کردار بیان کریں۔ (20)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:40

# امتحانی مشق نمبر4

(یونٹ:13 تا16)

سوال نمبر1- خالی جگہ پر کریں۔ (20)

-1 سوتی پارچہ بانی کی صنعت کا بنیادی خام مال.................ہے۔

-2 اونی پارچہ بانی کی صنعت کا انحصار.................کی پرورش پر ہوتا ہے۔

-3 قدرتی ریشم.................کے کیڑوں سے حاصل کیا جاتا ہے۔

-4 ریان ایک قسم کا.................ریشہ ہے۔

-5 پاکستان میں سوتی کپڑے کی صنعت کا بڑا مرکز.................ہے۔

-6 چقندر سے چینی بنانے کے لیے.................آب وہوا موزوں سمجھی جاتی ہے۔

-7 خوراک کو محفوظ کرنے کے لیے.................صنعتیں قائم کی جاتی ہیں۔

-8 گوشت کی صنعت کا تعلق.................شعبے سے ہے۔

-9 لوہے اور فولاد کی صنعت کو.................صنعت کہا جاتا ہے۔

-10 بھاری صنعتوں کی ترقی کے لیے.................اور سرمایہ ضروری ہوتا ہے۔

سوال نمبر2- اونی پارچہ بافی کی صنعت کے لیے موزوں عوامل اور دنیا میں اس صنعت کی تقسیم کا جائزہ لیں۔ (20)

سوال نمبر3- پاکستان میں سوتی کپڑے کی صنعت کی ترقی، مسائل اور عالمی تجارت میں کردار پر تفصیلی مضمون لکھیں۔ (20)

سوال نمبر4- خوراک کی صنعت کے فروغ میں ذرائع آمدورفت اور ایجادات کے کردار کی وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر5- لوہے اور فولاد کی صنعت کا تاریخی پس منظر اور پاکستان میں اس کی موجودہ صورت حال بیان کریں۔ (20)